نیویارک ریاستی محکمہ صحت

ایڈز کا ادارہ

HIV تشخیص کے لئے با اطلاع رضامندی

HIV کی تشخیص اختیاری ہے۔ ڈاکٹر کو اطلاع دے کر رضامندی کسی وقت بھی واپس لی جاسکی ہے۔ براہ مہربانی اس فارم کے حصہ A اور حصہ B کو پڑھیں اور اگر آپ مذکورہ معلومات کو سمجھ سکتے ہیں اور HIV ٹیسٹ کرانا چاہتے ہیں تو حصہ B کے تحت دستخط کریں۔

HIV ایک نہایت ہی مہلک مرض ہے۔ نیویارک محکمہ صحت HIV جانچ کی صلاح دیتا ہے۔ حاملہ خواتین کے لئے محکمہ صحت حمل کے ابتدائی اور پھر بعد کے مرحلوں کے دوران HIV جانچ کی صلاح دیتا ہے۔

زچگی کی یونٹ میں فوری HIV جانچ کے علاوہ فارم مؤرخہ 1 جون 2005 سے دیگر HIV جانچ کے رضامندی فارموں کی جگہ استعمال میں لایا جائے گا۔

نوٹ: اس فارم کا استعمال DOH-2556 حصہ B سے منسلک ہوگا۔

حصہ

A

نیویارک کی HIV / AIDS ہاٹ لائن (ٹول فری)

HIV اور AIDS سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور HIV جانچ کے مرکز کا پتا جاننے کے لئے ہاٹ لائنوں پر فون کریں۔

- 1--800-541-AIDS (2437) • انگریزی
- 1--800-233-SIDA (7432) • ہسپانوی

نیویارک کی HIV/AIDS TTY/TTD اطلاعاتی لائن

- 1-212-925-9560

وائس کالر NY ریلے استعمال کریں:

- 711 یا 1-800-421-1220 اور آپریٹر سے 1-212-925-9560 مانگیں

نیویارک کی ریاستی AIDS/HIV کاؤنسلنگ ہاٹ لائن

- 1-872-800-2777

NYSDOH گمنام HIV کاؤنسلنگ اور جانچ کا پروگرام

HIV سے جڑی معلومات اور مفت HIV جانچ کے لئے گمنام HIV کاؤنسلنگ اور تشخیص کے پروگرام کو فون کریں۔

- البنی علاقہ 1-800-962-5056
- بوفیلو علاقہ 1-800-962-5064
- ناساؤ علاقہ 1-800-462-6785
- نیوروشیل علاقہ 1-800-828-0064
- کوینز علاقہ 1800-462-6785
- روچسٹر علاقہ 1-800-962-5063
- سفوک علاقہ 1-800-462-6786
- سیرا کیوز علاقہ 1-800-562-9423

MHNYSDOH AIDS/HIV ہاٹ لائن : 1-800-HIV-TALK (1-825-800-5448)

نیویارک ریاستی پارٹنر اسسٹنس پروگرام: 1-800-541-AIDS

نیویارک سٹی کونٹیکٹ نوٹفکیشن اسسٹنس پروگرام: 1-212-693-1419

خفیہ

- نیویارک اسٹیٹ خفیہ ہاٹ لائن: 1-800-962-5065
- مرکز قانونی کارروائی: 1-212-243-1313 یا 1-800-223-4044

حقوق انسانی/امتیاز

- نیویارک اسٹیٹ محکمہ حقوق انسانی 1-800-523-2437
- نیویارک سٹی حقوق انسانی کمیشن 1-212-36-7500

HIV وہ وائرس کہ جس کی وجہ سے ایڈز ہو جاتا ہے

- HIV کا مرض کسی HIV میں مبتلا شخص سے غیر محفوظ جنسی تعلقات (کنڈوم کے بنا فرجی، دبری، یا دبنی جنسی تعلقات کے دوران پھیلتا ہے۔
- HIV کا مرض کسی HIV میں مبتلا شخص کی سوئی استعمال کرنے (چھدوانے، ٹیٹو کرانے، یا کسی بھی دوا کا انجکشن لینے) اور اس کے استعمال شدہ آلوں کا استعمال کرنے سے ہوتا ہے۔

آپ HIV سے متاثر ہیں یا نہیں یہ صرف تشخیص سے ہی معلوم کیا جا سکتا ہے۔

- HIV کی تشخیص کروانے سے کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوتا۔ تشخیص کے لئے ایک یا زیادہ نمونے (خون، منہ کی رطوبت، پیشاب) لئے جاتے ہیں۔
- آپ کا مشیر یا ڈاکٹر آپ کی تشخیص کے نتیجہ کی وضاحت اور دیگر اہم تشخیص کرانے کی ضرورت کو بیان کرے گا۔

آپ کے آج کے HIV ٹیسٹ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہیں:

- آپ کو HIV ہے یا نہیں یہ جاننے کے لئے ایک ٹیسٹ (ایک اینٹی باڈی یا وائرس کی تشخیص)؛
- اگر آپ HIV پوزیٹیو ہیں تو اضافی تشخیص میں وہ ٹیسٹ شامل ہو سکتے ہیں جو:
  - آپ کے ڈاکٹر کو آپ کا بہترین علاج کرنے میں معاون ہوں۔
  - محکمہ صحت کی HIV تحفظ پروگرام میں رہبری کریں۔

تشخیص کے کئی طریقے دستیاب ہیں:

- آپ خفیہ ٹیسٹ کروا سکتے ہیں جس میں نتیجہ آپ کے طبی ریکارڈ میں شامل ہو جائے گا اور HIV یا دیگر طبی خدمات کے لئے آپ کے طبی مشیر کو مربیا کرایا جائے گا، یا
- آپ نامعلوم ٹیسٹ کروا سکتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنا نام بتائیں گے اور جانچ کے نتیجہ کا کوئی ریکارڈ نہیں رکھا جائے گا۔ اگر آپ کی نامعلوم HIV جانچ مثبت ہوئی تو آپ اپنا نام بعد میں بتا سکتے ہیں تا کہ آپ فوری طور پر طبی خدمات حاصل کر سکیں۔
- جانچ کے دیگر طریقوں اور مفت یا نامعلوم جانچ کے مرکزوں سے متعلق مزید اطلاع کے لئے اپنے کونسلر/ ڈاکٹر سے پوچھیں یا 1-800-541-AIDS پر فون کریں۔

HIV کی تشخیص آپ کی صحت کے لئے اہم ہے۔

- اگر آپ کی تشخیص منفی ہے تو آپ مستقبل میں اس سے تحفظ کے طریقے کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کی جانچ مثبت ہے تو:
  - آپ دوسروں کو وائرس سے متاثر نہ کرنے کے لئے اقدامات کر سکتے ہیں۔
  - آپ HIV کا علاج کروا سکتے ہیں اور صحت مند رہنے کے دیگر طریقوں کے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ علاج کے دوران اضافی تشخیص کی جائے گی تا کہ آپ کے لئے بہتر علاج چنا جا سکے۔ ان تشخیص میں وائرل لوڈ اور وائرل مزاہم کی جانچ شامل ہو سکتی ہے۔

HIV کی تشخیص حاملہ خواتین کے لئے خصوصی طور پر اہم ہے۔

- HIV سے متاثر ماں حمل یا ولادت کے دوران یا دودھ پلاتے وقت اپنے بچے کو بھی اس مرض میں مبتلا کر سکتی ہے۔
- اپنی HIV جانچ کا نتیجہ حمل کے ابتدائی مرحلہ میں معلوم کر لینا بہتر ہے تا کہ آپ اپنے اور اپنے بچے کی صحت سے متعلق اہم فیصلے کر سکیں۔
- اگر آپ حاملہ ہیں اور آپ کو HIV ہے تو آپ کی صحت کے لئے اور مرض سے آپ کے بچے کے تحفظ کے لئے علاج دستیاب ہے۔ اگر آپ کو HIV ہے اور آپ علاج نہیں کرتی ہیں تو آپ کے بچے کو مرض ہونے کے امکانات پچیس فیصد ہیں۔ اگر آپ علاج کرواتی ہیں تو آپ کے بچے کے مرض میں مبتلا ہونے کا اندیشہ بہت کم ہو جاتا ہے۔
- اگر حمل کے دوران آپ کی جانچ نہیں ہوئی ہے تو آپ کا طبی کونسلر آپ کو زچگی کے دوران جانچ کروانے کی صلاح دے گا۔ بہر حال ولادت کے بعد آپ کے بچے کی جانچ کی جائے گی۔ آپ کے بچے کی مثبت جانچ کا مطلب ہے کہ آپ کو HIV ہے اور آپ کے بچہ مرض میں مبتلا ہو چکا ہے۔

اگر آپ کی تشخیص مثبت ہے:

ریاستی قانون نتائج کی رازداری محفوظ رکھتا ہے اور تشخیص کروانے والوں کے HIV نتیجوں کے بنا پر کئے جانے والے امتیاز سے ان میں تحفظ فراہم کرتا ہے۔

- تقریباً سبھی حالات میں آپ کے HIV کے نتیجوں کو کسی کو بھی بتانے سے قبل آپ سے تحریری منظوری لی جائے گی۔
- آپ کی HIV جانچ سے متعلق معلومات آپ کی یا آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرنے والے طبی مشیر کو؛ قانونی کارروائی کے لئے محکمہ کے افسران کو؛ ادائیگی کے لئے بیما کے اہل کاروں کو؛ گود لینے یا پرورش کی ذمہ داری لینے والے اشخاص کو؛ سرکاری پیرول، پروبیشن، اور کرکشنل اہل کاروں کو؛ انجانے میں آپ کے خون سے متاثر ایمرجنسی یا طبی خدمات فراہم کرانے والے اہل کاروں کو؛ یا عدالت کے خصوصی حکم کی بنا پر فراہم کرائے جا سکتے ہیں۔
- HIV میں مبتلا اشخاص کے نام ریاستی محکمہ کی بنا پر فراہم کرائے جاتے ہیں تا کہ دباؤ کو قابو میں لایا جا سکے اور اس کے لئے خدمات مہیا کرائی جا سکیں۔
- HIV خفیہ ہاٹ لائن 1-800-962-5065 آپ کے سوالوں کا جواب دے سکتے ہیں اور رازداری سے جڑے مسائل میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے HIV مرض کی بنا پر آپ سے امتیاز کیا گیا ہے تو نیویارک محکمہ حقوق انسانی کا نمبر 1-800-523-2437 آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

آپ کا کونسلر/ ڈاکٹر آپ سے جنسی تعلقات رکھنے والے یا سوئی کا استعمال کرنے والے ساتھیوں کو ان کے مرض میں مبتلا ہونے کے امکانات سے آگاہ کرنے کا مشورہ دے گا۔

- آپ کے ساتھیوں کو یہ پتہ ہونا چاہیے کہ وہ HIV میں مبتلا ہو سکتے ہیں تا کہ وہ اپنی جانچ کروا سکیں اور اگر انہیں ایڈز ہے تو علاج کروا سکیں۔
- اگر آپ کا طبی مشیر آپ کے شریک حیات یا دیگر ساتھیوں کے نام سے واقف ہے تو اسے محکمہ صحت کو اس کی اطلاع ضرور دینی چاہیے۔
- محکمہ صحت کے کونسلر آپ کا نام بتائے بغیر آپ کے ساتھی/ ساتھیوں کو اطلاع کرنے میں مددگار ہو سکتے ہیں۔
- آپ کی طبی حفاظت کے لئے آپ کا کونسلر یا ڈاکٹر آپ سے ہر ساتھی سے جڑے خانگی جھگڑوں سے متعلق سوال پوچھے گا۔
- اگر خطرے کا اندیشہ ہے تو محکمہ صحت آپ کے ساتھیوں کو فوری اطلاع دے گا اور مدد حاصل کرنے میں آپ کا معاون ہوگا۔

نیویارک ریاستی محکمہ صحت
ایڈز کا ادارہ

HIV تشخیص کی
با اطلاع رضامندی

حصہ
B

میرے طبی مشیر نے HIV کی تشخیص سے متعلق میرے سبھی سوالوں کے جواب دے دئے ہیں اور HIV کی تشخیص سے جڑی مندرجہ ذیل معلومات تحریری طور پر فراہم کر دی ہیں:

- HIV وہ وائرس ہے جس کی وجہ سے ایڈز ہو جاتا ہے۔
- آپ HIV سے متاثر ہیں یا نہیں یہ صرف تشخیص سے ہی معلوم کیا جا سکتا ہے۔
- HIV کی تشخیص آپ کی صحت کے لئے بہت اہم ہے، خاص کر حاملہ خواتین کے لئے۔
- HIV کی تشخیص اختیاری ہے۔ رضامندی کسی وقت بھی واپس لی جا سکتی ہے۔
- تشخیص کے کئی طریقے موجود ہیں جن میں گمنام اور خفیہ طریقے شامل ہیں۔
- ریاستی قانون تشخیص کے نتائج کی رازداری کے تحفظ کا ذمہ دار ہے اور تشخیص کروانے والوں کے HIV نتیجوں کے بنا پر کئے جانے والے امتیاز سے انہیں تحفظ فراہم کرنا ہے۔
- اگر تشخیص مثبت پائی گئی تو میرا طبی مشیر مجھ سے جنسی تعلقات رکھنے والے یا میری سوئی کا استعمال کرنے والوں کے مرض میں مبتلا ہونے کے امکانات سے آگاہ کرنے کا مشورہ دے گا۔

میں HIV کی تشخیص کے لئے رضامند ہوں۔ اگر یہ پایا گیا کہ مجھے HIV ہے تو میں اپنے لئے بہتر علاج کے اختیار کے لئے اور HIV سے تحفظ کے پروگرام کی رہبری کے لئے دیگر جانچ کے لئے رضامند ہوں جو میرے دئے گئے نمونوں پر کی جائے گی۔ مستقبل میں اپنے علاج کی رہبری کے لئے دیگر تشخیص کرانے کو بھی میں رضامند ہوں۔ مجھے علم ہے کہ میں کسی بھی وقت مستقبل میں ہونے والی تشخیص اپنی رضامندی سے واپس لے سکتا/سکتی ہوں۔

صرف حاملہ خواتین کے لئے:

مندرجہ بالا تشخیص کے علاوہ میں اپنے طبی مشیر کو حمل کے دوران مستقبل میں HIV کی تشخیص دوبارہ کرنے کا اختیار دیتی ہوں۔ مجھے علم ہے کہ میرا طبی مشیر اس تشخیص کو دوہرانے سے پہلے اس کے بارے میں مجھ سے بات کرے گا اور تشخیص کے نتیجہ سے مجھے آگاہ کرے گا۔ تشخیص کے لئے میری رضامندی حالیہ حمل کی مدت تک محدود ہے اور کسی وقت بھی واپس لی جا سکتی ہے۔

دستخط: _____ تاریخ: _____

(تشخیص کروانے والا شخص یا اس کا قانونی نمائندہ)

اگر قانونی نمائندہ تو اس سے رشتہ بتائیں: _____

نام: _____

طبی ریکارڈ# : _____

زچگی کی یونٹ میں فوری HIV جانچ کے علاوہ یہ فارم 1 جون، 2005 سے دیگر HIV جانچ کے رضامندی فارموں کی جگہ استعمال میں لایا جائے گا۔

نوٹ: اس فارم کا استعمال DOH-2556i، حصہ A سے منسلک ہوگا۔